© rasailojaraid.com



# مولانا عبدالرشید ربانی بنام عبداللطیف خالد چیمہ

بخدمت برادرِ محترم جناب عبداللطیف خالد چیمہ صاحب سلمہٗ

السلام علیکم ورحمتہ اللہ وبرکاتہ۔ امید ہے کہ مزاج بخیر ہوں گے اور اختتام رمضان کی برکات سمیٹ رہے ہوں گے۔ دعاؤں میں ہم فقیروں کو یاد رکھیں جزاک اللہ۔ برطانیہ سفر کے دوران آپ کا فون آیا تھا۔ امید تھی کہ ملاقات ہوگی مگر محرومی رہی۔ میں آپ کا فون نمبر بھی محفوظ نہ رکھ سکا۔

مجلّہ ''نقیب ختم نبوت'' جب ملا تو اس میں آپ کے والد گرامی رحمتہ اللہ علیہ کی رحلت کی خبر پڑھ کر صدمہ ہوا۔ اللہ تعالیٰ مرحوم ومغفور کو جنت الفردوس میں ٹھکانہ عطا فرمائے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ اللہ تعالیٰ آپ اور آپ کے جملہ اہل خانہ عزیز واقارب کو اس حادثہ پر صبر جمیل عطا فرمائے۔ آمین۔

آپ جو ختم نبوت کا علم بلند کیے ہوئے ہیں اور ہمہ وقت اس میں مصروف ہیں۔ ان شاء اللہ یہ آپ کے والد گرامی کے لیے صدقۂ جاریہ ہے اور نجات کا ذریعہ ہے۔ امیر مجلس پیر جی مدظلہ ودیگر احباب کی خدمت میں نیازمندانہ سلام عرض ہے اور دعا کی درخواست ہے۔

''نقیب'' کے مضامین بہت عمدہ ہیں۔ قادیانیت کا تعاقب، وقت کے فرعونوں کا محاسبہ، حالاتِ حاضرہ اور امت کے اتحاد واتفاق پر مقالہ جات بہت جاندار ہیں۔ اللھم زد فزد۔ آمین

والسلام

محتاجِ دعا

عبدالرشید ربانی

خادم جمعیت علماء ڈیوزبری، برطانیہ

۲۹ر رمضان ۱۴۲۸ھ، ۱۱ر اکتوبر ۲۰۰۷ء

☆☆☆



© rasailojaraid.com